لازمی 　　 بارہویں کلاس 1st Annual 2024 　　 وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا 　　 **حصہ معروضی** 　　 کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

DGK-2-24

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے 　　 ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محنت پسند بُردمند نے دودھ پیا تھا | (A) کمال کا | (B) آرام کا | (C) ہنرمندی کا | (D) امید کا |
| 2 | عمر بن عبدالعزیزؒ کے بیٹے کا نام تھا | (A) عباس | (B) عبدالملک | (C) سلیمان | (D) مسلمہ |
| 3 | چراغ حسن حسرت نے مولانا ظفر علی خان کو پہلی بار دیکھا | (A) لاہور میں | (B) دلی میں | (C) آگرے میں | (D) کلکتے میں |
| 4 | سبق " ہوائی " کی مصنفہ نے اپنے میاں کی کار کا ماڈل بتایا | (A) 1853ء | (B) 1855ء | (C) 1857ء | (D) 1859ء |
| 5 | مولوی نذیر احمد فارغ التحصیل تھے | (A) دلی کالج سے | (B) علی گڑھ کالج سے | (C) لاہور کالج سے | (D) کلکتہ کالج سے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے 　　 ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اگرچہ وہ محنتی ہے .................. لائق نہیں | (A) چناں چہ | (B) لیکن | (C) چوں کہ | (D) جب کہ |
| 7 | لڑکی .................. گاتی ہے | (A) اچھی | (B) اچھے | (C) اچھا | (D) اچھیں |
| 8 | چچا اور بھتیجی لڑ.................. | (A) پڑے | (B) پڑیں | (C) پڑی | (D) پڑے |
| 9 | مال ، دولت ، جائیداد ، کچھ نہ .................. | (A) بچیں | (B) بچے | (C) بچا | (D) بچی |
| 10 | وقت ہوگیا ہے اس لیے ہمیں چلنا چاہیے .................. | (A) چوں کہ | (B) جیسے | (C) کیوں کہ | (D) اگرچہ |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے 　　 ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | جملہ معترضہ لکھنے سے پہلے اور بعد علامت آتی ہے | (A) واوین کی | (B) وقفے کی | (C) فجائیہ کی | (D) قوسین کی |
| 12 | وقف خفیف کی علامت ہے | (A) ؛ | (B) : | (C) ؟ | (D) ، |
| 13 | دکھ یا خوشی کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوگی | (A) فجائیہ کی | (B) سوالیہ کی | (C) تفصیلیہ کی | (D) سکتہ کی |
| 14 | رابطہ کا دوسرا نام ہے | (A) نصف وقف | (B) وقف لازم | (C) وقف مطلق | (D) وقف خفیف |
| 15 | قائداعظم نے فرمایا : ..........کام ، کام ، بس کام .......... علامت آئے گی | (A) سکتے کی | (B) سوالیہ کی | (C) واوین کی | (D) ندائیہ کی |

(د) مصادر کی بطور امدادی فعل استعمال کی نشان دہی کیجیے 　　 ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | لگنا : | (A) میرے تن بدن میں آگ لگی ہے | (B) بچے کو چوٹ لگی ہے | (C) آپ مجھے اچھے لگتے ہیں | (D) اب تو تم سے بھی ڈر لگتا ہے |
| 17 | رکھنا : | (A) میں نے قرض اٹھا رکھا ہے | (B) یہاں پتھر کس نے رکھا ہے ؟ | (C) قلم میز پر رکھ دیں | (D) اپنا خیال رکھنا |
| 18 | اٹھنا : | (A) دل سے دھواں اٹھتا ہے | (B) وہ میرا نام سن کر بھڑک اٹھا | (C) اب یہاں سے اٹھو | (D) تیرا اٹھنا بنتا ہے |
| 19 | جانا : | (A) ہم شہر جاتے ہیں | (B) مجھے گھر جانا ہے | (C) میرا پیغام لے جانا | (D) آپ جا سکتے ہیں |
| 20 | آنا : | (A) کبھی میرے شہر بھی آنا | (B) دکان سے دہی لے آؤ | (C) اب تو آ جاؤ | (D) تیرا آنا نہ آنا برابر ہے |

PakPakistan.com

روپ : دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

DGK-2-24

سوال نمبر۲۔(الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۸

کلرکوں سے آگے بھی افسر ہیں کتنے ۔۔۔ جو بے انتہا صاحب غور بھی ہیں
ابھی چند میزوں سے گزری ہے فائل ۔۔۔ "مقامات آہ و فغاں اور بھی ہیں"

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

آخر کو ہو کے لالہ اگا نوبہار میں ۔۔۔ خون شہید عشق نہ زیر زمیں رہا
دی جان ایسے ہوش سے اپنی کہ خلق کو ۔۔۔ جینے کا مرے تادم آخر یقیں رہا
یاران گرم رو تو سب آگے نکل گئے ۔۔۔ ان سے میں تنگ قافلہ پیچھے کہیں رہا

سوال نمبر۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے نیز مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) شام کو ہم جزیرے کا اولین معائنہ کرنے کار میں گئے۔ ڈھلتے سورج میں بحرالکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمردی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ تاحد نظر سبزہ ہی سبزہ ' یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوواہو میں کہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر انگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔

(ب) پبلشروں کی حد تک تو ٹھیک ہے کہ افغانستان میں اس نام کی کوئی مخلوق نہیں۔ حکومت کے محکمے اور ادارے سرکاری مطبعوں میں کتابیں چھاپتے ہیں۔ ان کی بھی مکمل تعداد پورے ملک میں پانچ ہے۔ پرائیویٹ پریس کوئی نہیں ہے۔ اول تو ان حالات میں کوئی شخص کچھ لکھنے کا حوصلہ ہی نہیں کرتا ' اگر کوئی مرزا غالب یا فیض احمد فیض پیدا ہو بھی جائے تو از راہ قانون اسے حکومت کو عرضی دینی چاہیے کہ بندے کی یہ تالیف لطیف زیور طبع سے آراستہ کی جائے۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) ایوب عباسی

سوال نمبر۵۔ مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) ہمارا نظام تعلیم
(ب) تعلیم نسواں
(ج) منشیات اور ان کی روک تھام

سوال نمبر۷۔ اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہو ۱۰



ParhloPakistan.com